Z

صفر پر مبنی بجٹ ۔ یہ بجٹ گزشتہ سالوں کے بجٹوں کے اعداد شمار کو محض تازہ ترین بنا کر استعمال کرنے کے بجائے نو درستہ اور جدید ترین لاگت اور فوائد پر مبنی تخمینوں کو استعمال کرتے ہوئے تیار کیا جاتا ہے ۔ اس طرح یہ طے شدہ اخراجات سے متعلق فوائد پر مبنی ترجیحات اور ضروریات کی تازہ عوالیت پر مبنی ہوتا ہے ۔

صفر کوپن والے بانڈ ۔ (اندراج دیکھئے)

صفر سودی قرض ۔ ایسا قرض جس میں زر اصل کی ادائیگی عرصہ واری بنیاد پر یا قسطوں میں نہ کی جاتی ہو، بلکہ قرض کی میعاد کے اختتام پر واجب الادا تاریخ پر یکبارگی کی جائے ۔ اس ادائیگی میں زر اصل اور مدت قرض کا اکرودہ سود شامل ہوتا ہے ۔

صفر سودی تمسک ۔ یہ تمسک صفر کوپن والے بانڈ کے مثل ہوتے ہیں ۔ یہ ایک ایسا تمسک ہے جس میں باقاعدہ وقفوں پر باقاعدہ سود ادا نہیں کیا جاتا، بلکہ اسے اس کے اجراء کے وقت کی عرفی یا مساوی قیمت سے کافی کٹوتی کے ساتھ فروخت کیا جاتا ہے اور تمسک بردار کو عرصیت کے وقت سود یکمشت ادا کر دیا جاتا ہے جس میں مساوی یا عرفی مالیت شامل ہوتی ہے ۔

ختم شد